روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 7 جون 2008ء 2 جمادی الثانی 1429 ہجری 7/احسان 1387 ھش جلد 58-93 نمبر 128

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حقیقت میں معلم اور واعظ کا تو اتنا ہی فرض ہے کہ وہ بتا دیوے۔ دل کی کھڑکی تو خدا کے فضل سے کھلتی ہے۔ نجات اسی کو ملتی ہے جو دل کا صاف ہو۔ جو صاف دل نہیں وہ اچکا اور ڈاکو ہے۔ خدا تعالیٰ اسے بری طرح مارتا ہے۔ (ملفوظات جلد سوم ص 65)

نجات اپنی کوشش سے نہیں بلکہ خدا تعالیٰ کے فضل سے ہوا کرتی ہے۔ اس فضل کے حصول کے لئے خدا تعالیٰ نے اپنا جو قانون ٹھہرایا ہوا ہے وہ اسے کبھی باطل نہیں کرتا وہ قانون یہ ہے۔ ان کنتم تحبون اللّٰہ (۔) اگر اس پر دلیل پوچھو تو یہ ہے کہ نجات ایسی شے نہیں ہے کہ اس کے برکات اور ثمرات کا پتہ انسان کو مرنے کے بعد ملے بلکہ نجات تو وہ امر ہے کہ جس کے آثار اسی دنیا میں ظاہر ہوتے ہیں کہ نجات یافتہ آدمی کو ایک بہشتی زندگی اسی دنیا میں مل جاتی ہے۔ دوسرے مذاہب کے پابند بکلی اس سے محروم ہیں۔ (ملفوظات جلد دوم ص 518)

درحقیقت نجات ایمان سے ہے اور خداشناسی کی اس وقت بڑی ضرورت ہے کیونکہ خداشناسی کے بغیر گناہ کی ناپاک زندگی پر موت وارد نہیں ہوتی اور خداشناسی کا پہلا زینہ یقین ہے خدا تعالیٰ اور اس کے عجیب در عجیب قدرتوں اور طاقتوں پر سچا ایمان اور یقین معرفت کا نور عطا کرتا ہے اور دل میں اس سے ایک قوت پیدا ہوتی ہے پھر انسان اس قوت کے ساتھ گناہ کا مقابلہ کرسکتا ہے۔ (ملفوظات جلد دوم ص 414حاشیہ)

جس قدر انسان کشمکش سے بچا ہوا ہو اسی قدر اس کی مرادیں پوری ہوتی ہیں۔ کشمکش والے کے سینہ میں آگ لگی ہوتی ہے اور وہ مصیبت میں پڑا ہوا ہوتا ہے۔ اس دنیا کی زندگی میں یہی آرام ہے کہ کشمکش سے نجات ہو۔ کہتے ہیں کہ ایک شخص گھوڑے پر سوار چلا جاتا تھا راستہ میں ایک فقیر بیٹھا تھا جس نے بمشکل اپنا ستر ہی ڈھانکا ہوا تھا۔ اس نے اس سے پوچھا کہ سائیں جی کیا حال ہے؟ فقیر نے اسے جواب دیا کہ جس کی ساری مرادیں پوری ہوگئی ہوں اس کا حال کیسا ہوتا ہے اسے تعجب ہوا کہ تمہاری ساری مرادیں کس طرح حاصل ہوگئی ہیں۔ فقیر نے کہا جب ساری مرادیں ترک کر دیں تو گویا سب حاصل ہوگئیں۔ حاصل کلام یہ ہے کہ جب یہ سب حاصل کرنا چاہتا ہے تو تکلیف ہی ہوتی ہے لیکن جب قناعت کر کے سب کو چھوڑ دے تو گویا سب کچھ ملنا ہوتا ہے۔ نجات اور مکتی یہی ہے کہ لذت ہو دکھ نہ ہو۔ (ملفوظات جلد دوم ص 326)

چونکہ صحبت کا اثر ضرور ہوتا ہے اس لئے جو شخص ایسے آدمی کے پاس جو حرکات وسکنات افعال واقوال میں خدائی نمونہ اپنے اندر رکھتا ہے۔ صحت نیت اور پاک ارادہ اور مستقیم جستجو سے ایک مدت تک رہے گا۔ تو یقین کامل ہے کہ وہ اگر دہریہ بھی ہو تو آخر خدا تعالیٰ کے وجود پر ایمان لے آئے گا۔ کیونکہ صادق کا وجود خدا نما وجود ہوتا ہے۔

انسان اصل میں اُنْسَانِ ہے یعنی دو محبتوں کا مجموعہ ہے ایک انس وہ خدا سے کرتا ہے دوسرا انس انسان سے۔ چونکہ انسان کو تو اپنے قریب پاتا اور دیکھتا ہے اور اپنی بنی نوع کی وجہ سے اس سے جھٹ پٹ متاثر ہو جاتا ہے۔ اس لئے کامل انسان کی صحبت اور صادق کی معیت اسے وہ نور عطا کرتی ہے جس سے خدا کو دیکھ لیتا ہے اور گناہوں سے بچ جاتا ہے۔ (ملفوظات جلد دوم ص 5)

زبان سے دعویٰ کرنا کہ میں نجات پا گیا ہوں یا خدا تعالیٰ سے قوی رشتہ پیدا ہو گیا ہے۔ آسان ہے لیکن خدا تعالیٰ دیکھتا ہے کہ وہ کہاں تک ان تمام باتوں سے الگ ہو گیا ہے جن سے الگ ہونا ضروری ہے۔ یہ سچی بات ہے کہ جو ڈھونڈتا ہے وہ پالیتا ہے۔ سچے دل سے قدم رکھنے والے کامیاب ہو جاتے ہیں اور منزل مقصود تک پہنچ جاتے ہیں۔ (ملفوظات جلد اول ص 492)

یہ میرے بھائی ہیں

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے صحابہ سے پوچھا اے لوگو ایمان کے لحاظ سے سب سے عجیب مخلوق کون سی ہے صحابہؓ نے کہا ملائکہ۔ فرمایا۔ ملائکہ کیسے ایمان نہ لائیں جب کہ وہ سارے معاملہ کے عینی شاہد ہیں اس پر صحابہؓ نے کہا نبی تو فرمایا وہ کیسے ایمان نہ لائیں جبکہ ان پر آسمان سے وحی نازل ہوتی ہے اس پر صحابہؓ نے کہا آپؐ کے صحابہؓ تو فرمایا میرے صحابہؓ کیسے ایمان نہ لائیں۔ ایمان کے لحاظ سے عجیب قوم وہ ہے جو میرے بعد آئیں گے اور مجھ پر ایمان لائیں گے اور میری تصدیق کریں گے حالانکہ انہوں نے مجھے نہیں دیکھا ہوگا یہ میرے بھائی ہیں۔

(المعجم الکبیر طبرانی جلد12 صفحہ 87 حدیث نمبر :12560)

ضرورت محررین درجہ دوم

۞ دفاتر صدر انجمن احمدیہ میں محررین درجہ دوم کی وقتاً فوقتاً ضرورت رہتی ہے۔ صرف ایسے مخلص احمدی نوجوان درخواستیں بھجوائیں جو دینی کاموں سے شغف اور خدمت دین کا شوق رکھتے ہوں اور محنت سے کام کرنا چاہتے ہوں اور مستقل طور پر حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ میں کام کرنے کے خواہشمند ہوں۔

☆ **تعلیمی قابلیت**: ایف اے، ایف ایس سی، بی اے، بی ایس سی (کم ازکم 45% نمبر)

☆ کمپیوٹر جاننے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔

☆ درخواست دینے کے لئے عمر کی حد 18 تا 25 سال ہے۔

مطلوبہ معیار پر پورا اترنے والے امیدوار اپنی درخواستیں، تعلیمی قابلیت کی مصدقہ نقول صدر صاحب جماعت کی تصدیق اور شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی کے ساتھ مورخہ 31 جولائی 2008ء تک دفتر نظارت دیوان صدر انجمن احمدیہ میں بھجوا دیں۔ نامکمل درخواستوں پر غور نہیں ہوگا۔

نصاب درج ذیل ہے:۔

(i) قرآن مجید ناظرہ مکمل، پہلا پارہ باترجمہ، چالیس جواہر پارے، ارکان دین، نماز باترجمہ مکمل

(ii) کشتی نوح، برکات الدعا، عام دینی معلومات درثمین (نظم شان اسلام) مضمون بابت عقائد جماعت احمدیہ۔

(iii) انگریزی، حساب (بمطابق معیار میٹرک) عام معلومات۔

نوٹ: (i) امیدوار کا خوشخط ہونا ضروری ہوگا۔

(ii) ہر جز و میں کامیاب ہونا لازمی ہے۔ کامیاب ہونے کیلئے 50 فیصد نمبر حاصل کرنا ضروری ہوں گے۔

(ناظر دیوان)

درخواست دعا

☆ خدا تعالیٰ کی راہ میں قید کئے جانے والے مختلف احباب جماعت کی باعزت رہائی کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان اسیران راہ مولیٰ کو اپنی حفظ وامان میں رکھے اور ان کو ہر قسم کی پریشانی سے بچائے۔ آمین

خوشی کے پھول

تمہارے آنے کی خبریں ہیں جب سے جوبن میں
شفق سی پھوٹتی رہتی ہے میری دھڑکن میں

ہر ایک بوند پہ لکھا ہوا تھا نام ترا
اور ہم بھی ٹوٹ کے روئے تھے اب کے ساون میں

چراغ بن کے چمکنے لگے خوشی سے پھول
ہمارا چاند جب اُترا ہمارے آنگن میں

حضور! آپ کا دیدار کس غضب کا ہے
حضور! خود کو کبھی دیکھئے تو درپن میں

پڑے جو کان میں رس گھولتی تری آواز
بدن یہ جھومنے لگتا ہے بے خودی پن میں

اسی خیال کے اندر ہے کائنات مری
کہ تو بھی چاہتا ہے مجھ کو اپنے ہی من میں

وہ غم کی بندشوں سے خود ہی چھوٹ جاتا ہے
جسے تو باندھ لے اک بار اپنے بندھن میں

اے مرے نور کے پیکر اے حضرتِ مسرور!
خدا نے آپ کو یکتا کیا ہر اِک فن میں

کبھی تو لوٹ کر آئے گا تیری راہوں پر
بھٹک رہا ہے زمانہ جو اب تلک بَن میں

خدا کے ہاتھ نے سینچا تھا جو درختِ وجود
صدی کے بعد بھی سایہ ہے اس کا گلشن میں

ناصر احمد سید

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

مکرم رانا سلطان احمد صاحب کارکن ناصر فائر اینڈ ریسکیو سروس ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی پھوپھی زاد ہمشیرہ محترمہ سعیدہ خانم صاحبہ اہلیہ مکرم رانا محمد افضل صاحب آزاد جرمنی مورخہ 24۔اپریل 2008ء کو بعمر 63سال جرمنی میں وفات پا گئیں۔ مرحومہ نے 1971ء میں اکیلے ہی اپنے خاندان میں سے بیعت کی تھی۔ مرحومہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے موصیہ تھیں جنازہ ربوہ لایا گیا اور مورخہ 27۔اپریل 2008ء کو بیت مبارک میں بعد نماز ظہر مکرم حنیف احمد محمود صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے نماز جنازہ پڑھائی اور تدفین بہشتی مقبرہ میں ہوئی۔ قبر تیا رہونے پر مکرم رانا تصور احمد صاحب پروفیسر جامعہ احمدیہ نے دعا کرائی ۔ مرحومہ نے پسماندگان میں اپنے خاوند کے علاوہ تین بیٹے مکرم رانا عرفان افضل جرمنی ، مکرم رانا عمران افضل صاحب جرمنی اور مکرم رانا رضوان افضل صاحب جرمنی اور دو بیٹیاں محترمہ شمسہ ناز صاحبہ اہلیہ مکرم رانا ممتاز احمد صاحب جرمنی اور محترمہ مصباح ناز صاحبہ اہلیہ مکرم رانا ندیم احمد خان صاحب ملتان یادگار چھوڑی ہیں ۔مرحومہ احمدیت کے بارہ میں بہت غیرت رکھتی تھیں اور دینی شعار کی سختی سے پابند تھیں۔ احباب کرام سے مرحومہ کی بلندی درجات اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطا ہونے کیلئے نیز جملہ لواحقین کو صبر جمیل عطا ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

تقریب آمین

مکرم سلطان احمد شاہد صاحب مربی سلسلہ نظارت اشاعت ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے میرے نواسے عزیزم طالوت احمد واقف نو نے 5سال 5 ماہ کی عمر میں قران کریم ناظرہ کا پہلا دور مکمل کرلیا ہے۔ اس موقع پر مورخہ 25 مئی 2008ء کو ایک دعائیہ تقریب منعقد کی گئی جس میں اہل محلّہ اور عزیز و اقارب مرد و زن نے شرکت کی۔ خاکسار نے بچے سے قرآن کریم سنا اور دعا کروائی۔ بعدازاں مشروبات اور شرینی سے مہمانوں کی تواضع کی گئی۔ عزیزم نے قرآن کریم اپنی والدہ مکرمہ عقیلہ ثوبیہ سے پڑھا۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے کو قرآن کریم کے علوم سے وافر حصہ عطا فرمائے اور اسے دین و دنیا کی نعمتوں سے مالا مال فرمائے۔ آمین

سانحہ ارتحال

مکرم میاں عبدالمنان ناصر صاحب زرگر کینیڈا اطلاع دیتے ہیں۔

میری اہلیہ مکرمہ نسیم اختر صاحبہ مورخہ 25 مئی 2008ء کو بعمر 56سال کیمبرج انٹاریو کینیڈا میں بقضائے الٰہی وفات پا گئیں ۔ مورخہ 26 مئی کو بعد نماز مغرب بیت الذکر ٹورانٹو میں محترم مولانا نسیم مہدی صاحب نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی اور 28 مئی کو میپل کے قبرستان میں تدفین مکمل ہونے پر محترم ملک لال خان صاحب امیر جماعت کینیڈا نے دعا کروائی۔ مرحومہ مکرم میاں عظیم قادر صاحب آف سانگلہ ہل کی بیٹی اور مکرم میاں عبدالسلام صاحب زرگر مرحوم کی بہو تھیں۔ آپ نے پسماندگان میں شوہر کے علاوہ چھ بیٹیاں مکرمہ مبشرہ ناز صاحبہ اہلیہ مکرم فہیم احمد صاحب ہمبرگ جرمنی ، مکرمہ مدثرہ ناز صاحبہ اہلیہ مکرم عمران احمد صاحب ٹورانٹو ، مکرمہ رخشندہ ناز صاحبہ اہلیہ مکرم غلام مصطفیٰ صاحب ہمبرگ جرمنی ، مکرمہ عنبرین سلطانہ صاحبہ اہلیہ مکرم غلام مجتبیٰ صاحب ٹورانٹو، مکرمہ امۃ المجید صاحبہ کینیڈا، مکرمہ امۃ النور صاحبہ اہلیہ مکرم منیر احمد صاحب ہملٹن کینیڈا اور دو بیٹے مکرم عطاء الجبار صاحب ٹورانٹو اور مکرم عطاء الغفار صاحب کیمبرج کینیڈا چھوڑے ہیں۔ احباب جماعت سے مرحومہ کی بلندی درجات اور لواحقین کو صبر جمیل عطا ہونے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

جلسہ یوم خلافت

مکرم حافظ محمد ابراہیم عابد صاحب جنرل سیکرٹری مجلس نابینا ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

مجلس نابینا کو مورخہ یکم جون 2008ء کو جلسہ یوم خلافت ذیشان برگر اینڈ آئس کریم ریلوے روڈ پر منعقد کرنے کی توفیق ملی ۔اس پروگرام کے جملہ انتظامات مکرم چوہدری مجید احمد صاحب نے کیئے۔ ہال کو خوبصورت جھنڈیوں سے سجایا گیا تھا۔ تلاوت اور نظم کے بعد مکرم ناصر احمد صاحب ملہی (ر) مربی سلسلہ نے خلافت کی اہمیت اور ضرورت پر خطاب فرمایا۔ مکرم حفیظ احمد صاحب بجہ ممبر مجلس نابینا نے خلافت کے موضوع پر اپنی خوبصورت پنجابی نظم پیش کی خاکسار نے خلافت کی برکات کے عنوان سے تقریر کی اور حاضرین و شاملین کا شکریہ ادا کیا۔ پروگرام کے آخر پر مہمانوں کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔ اس پروگرام کی کل حاضری 28 رہی اللہ تعالیٰ مجلس نابینا کو حقیقی رنگ میں خلافت کی اطاعت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

دعاؤں، رحمتوں اور خداتعالیٰ کے ان گنت فضلوں کو سمیٹتے ہوئے

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے موقع پر جماعت احمدیہ عالمگیر کا اظہار تشکر

حضور انور کا صدسالہ خلافت جوبلی جلسہ کے موقع پر تاریخی خطاب، قادیان، ربوہ اور لندن سے Live نظارے، رقت آمیز مناظر، جھنڈیوں اور دیوں سے گھروں کی سجاوٹ

جماعت احمدیہ عالمگیر اس لحاظ سے دنیا بھر میں خوش قسمت ترین جماعت ہے جو 100 سال سے خلافت کے سائے تلے زندگی گزار رہی ہے۔ اکناف عالم میں بسنے والے کروڑوں عشاق احمدیت اس بات پر زندہ گواہ ہیں کہ آج خلافت احمدیہ کی دوسری صدی کے سر پر عافیت کے حصار کے نیچے خوشیاں اور برکتیں حاصل کر رہے ہیں اور آج خلافت سے بڑھ کر کوئی اور عافیت بخش سایہ نہیں۔

خداتعالیٰ کی اسی نعمت کے شکرانے کے طور پر دعاؤں، برکتوں، رحمتوں اور خداتعالیٰ کی طرف سے بے حساب نازل ہونے والے فضلوں میں دنیا بھر میں بسنے والے کروڑہا احمدی مرد و زن اور بچوں نے خلافت احمدیہ کی پہلی صدی کو الوداع اور دوسری صدی کا استقبال ایمانی جوش و جذبے اور خدا کے حضور سجدہ ریز ہوتے ہوئے کیا۔ اس دن کی روداد لفظوں میں بیان کرنے والی نہیں بلکہ ذاتی تجربہ کی روشنی میں محسوس کرنے اور جاننے والی عظیم کیفیات ہیں۔

27 مئی 2008ء کے تاریخی دن مرکزی تقریب خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی جلسہ تھا جو لندن کے معروف ایکسل (ExCel) سنٹر میں منعقد ہوا جس میں کروڑوں دلوں کی جان سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بنفس نفیس شرکت فرمائی اور پُر معارف خطاب سے نوازا۔ حضور انور کے خطاب سے تمام دنیا میں موجود احباب و خواتین اپنے تمام غم بھول گئے اور دل کی پاتال تک خوشی و مسرت کا بسیرا ہو گیا۔ یہ خداتعالیٰ کا بہت احسان ہے کہ جس نے ایسا خلیفہ ہمیں عطا فرمایا جو محبت بھری دعاؤں کا نہ ختم ہونے والا خزانہ ہے۔

اس جلسہ کی سب سے اہم اور خاص بات یہ تھی کہ اس موقع پر تینوں خلافت کی مسندوں کے حامل شہروں قادیان، ربوہ اور لندن سے انٹرنیٹ Live سٹریمنگ کے ذریعہ دکھایا گیا جس میں تینوں شہروں کے مناظر اور نعرے پوری دنیا نے دیکھے اور سنے۔

قادیان میں اس تقریب کے لئے وہ جگہ منتخب کی گئی تھی جہاں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاول کا انتخاب عمل میں آیا تھا اور جہاں آپ نے خلافت کی مسند پر بیٹھنے کے بعد سیدنا حضرت مسیح موعود کا جنازہ پڑھایا تھا۔ اس مقام قدرت ثانیہ کو اب ایک یادگار کی شکل دے دی گئی ہے۔ کھلے میدان میں احباب کے بیٹھنے کا انتظام کیا گیا تھا۔ اس خوبصورت اور بابرکت تقریب میں قادیان اور گرد و نواح کی جماعتوں سے سینکڑوں احباب نے شرکت کی، سکھ اور ہندو مہمان اور مقتدر شخصیات نے بھی اس موقع پر شرکت کی۔

ربوہ میں یہ تقریب مرد حضرات کے لئے ایوان محمود اور خواتین کے لئے لجنہ ہال میں منعقد کی گئی۔ ہر دو تقاریب میں 23 صد سے زائد احباب و خواتین، بچوں اور بچیوں نے شرکت کی۔ ایوان محمود اس موقع کے لئے خاص طور پر سجایا گیا تھا۔ ہال کے باہر جھنڈیاں لگا کر تزئین کی گئی تھی اور اس تزئین میں اضافہ پانچوں خلفاء سلسلہ کے بارے میں تعارف و ارشادات پر مشتمل بڑے سائز میں فلیکسز تھیں۔ اس تقریب کے لئے ترتیب دیا جانے والا ایوان محمود کا اندرونی منظر دیکھنے سے تعلق رکھتا تھا۔ ہال کو بڑی محنت اور جانفشانی سے سجایا گیا تھا۔ مکمل ہال میں کارپٹ، چاروں اطراف 700 سے زائد پودوں کی وجہ سے سبزہ ہی سبزہ نظر آ رہا تھا اور پھر لائٹس اس ماحول کو عجیب شان دے رہی تھیں۔ سٹیج میں ملٹی میڈیا کے ذریعہ بڑی سکرین پر ایم ٹی اے دیکھنے کا انتظام کیا گیا تھا جس کے دائیں بائیں دو پلازما ایل سی ڈیز ٹیلی ویژن بھی رکھے گئے تھے تاکہ حاضرین کو Live نشریات دیکھنے میں کوئی دقت نہ ہو۔ ایم ٹی اے پر براہ راست نشریات تو پونے تین بجے شروع ہوئیں لیکن احباب کی آمد کا سلسلہ 2 بجے سے ہی شروع ہو گیا تھا۔ آرام دہ کرسیوں پر احباب کے بیٹھنے کا انتظام تھا۔ ہال میں 976 اور مغربی گیلری میں 200 کرسیوں اور جنوبی گیلری میں اطفال کے بیٹھنے کا انتظام تھا۔ کارروائی کے دوران حاضرین کی جوسز اور آئس کریم سے تواضع کی جاتی رہی۔ اس محفل میں موجود ہر مرد، عورت اور بچے کو سوونیئر کے طور پر ایک ٹن پیک ڈبہ دیا گیا جس میں شیرینی، بسکٹ اور پیٹیز وغیرہ موجود تھے۔ خواتین وحضرات کی ان تقریبات کے انعقاد کے موقع پر 600 سے زائد رضا کاران نے ڈیوٹیاں انجام دیں۔

انٹرنیٹ Live سٹریمنگ کے ذریعہ مناظر بھیجنے کا کام ایم ٹی اے پاکستان نے کیا۔ ہال کو ٹھنڈا کرنے کے لئے لاہور سے 240HP ٹن کا موبائل ایئر کنڈیشنر کرایہ پر حاصل کیا گیا تھا جس کی وجہ سے ایوان محمود کا ٹمپریچر کم ہو کر ماحول خوشگوار ہو گیا تھا۔ ہال میں خلفاء کے ارشادات پر مشتمل فلیکسز آویزاں کی گئی تھیں۔ اس رنگا رنگ روحانی اور بابرکت پروگرام کے منتظم اعلیٰ مکرم ناصر احمد شمس صاحب سیکرٹری فضل عمر فاؤنڈیشن تھے جنہوں نے اپنی ٹیم کے ساتھ اس تقریب کو کامیاب کیا۔ اللہ تعالیٰ ان کو ان کے ساتھ جملہ خدمت سرانجام دینے والوں کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

خواتین کی تقریب لجنہ ہال ربوہ میں منعقد ہوئی جہاں ایک ہزار سے زائد خواتین اور بچیوں نے شرکت کی۔ لجنہ ہال کو بھی ایوان محمود کی طرح سجایا گیا تھا۔ لائٹنگ، دبیز قالین، آرام دہ کرسیاں اور 300 پودوں سے ایک دیدہ زیب ماحول بنایا گیا تھا۔ کھڑکیوں کو چکوں کے ذریعہ بند کیا گیا اور چاروں طرف خلفاء سلسلہ کے ارشادات پر مشتمل فلیکسز آویزاں تھے۔ ملٹی میڈیا کے ذریعہ ایم ٹی اے کی کارروائی دکھائی گئی۔ ہال کے عقب میں ناصرات کے بیٹھنے کے لئے جگہ بنائی گئی تھی۔ ماحول کو ٹھنڈا اور خوشگوار بنانے کے لئے موبائل AC نصب کیا گیا تھا۔

لندن میں یہ جلسہ لندن کے مشہور زمانہ ایکسل سنٹر میں برپا ہوا۔ وہاں اس رنگا رنگ اور بابرکت تقریب کا خصوصی اہتمام کیا گیا تھا۔ انگلستان کے دور و نزدیک کے علاقوں سے ہزاروں احباب و خواتین نے شرکت کی۔ مختلف رنگ کے لباس میں ملبوس بچیاں اور بچے نظمیں اور ترانے گا رہے تھے۔ موسم کی خرابی، ورکنگ ڈے اور سڑکوں پر بے پناہ رش کے باوجود ہزاروں افراد کشاں کشاں اس تاریخی موقع پر شرکت کرنے کے لئے اس سنٹر میں جمع ہوئے اور کیوں نہ آتے، ساری دنیا کے احباب کے دلوں میں خلافت احمدیت اور خلیفۃ المسیح کی ذات اقدس سے محبت، الفت اور فدائیت کی لہریں ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر کی طرح موجزن ہے۔

ایکسل سنٹر لندن کے دل میں واقع ہے۔ یہاں بڑے پیمانے پر عالمی کانفرنسیں اور نمائشیں منعقد کی جاتی ہیں۔ اس سنٹر کے ایک طرف خوبصورت دریائے ٹیمز بہتا ہے اور دوسری طرف صرف 500 گز کے فاصلے پر ایئرپورٹ کا رن وے ہے جہاں سے بسہولت ہوائی جہاز اڑتے اور اترتے نظر آتے ہیں۔ ایکسل سنٹر کی یہ خوبی بھی ہے کہ اس کے ہالز (Halls) میں بنائی گئی دیواروں کو آسانی سے اپنی جگہ سے ہلایا جا سکتا ہے جس کی وجہ سے تقریب کے مناسب حال جگہ بن جاتی ہے اور پھر ان بڑے بڑے ہالز میں کوئی ستون نہیں ہے۔ بلکہ اس بلڈنگ کی بناوٹ ایسی ہے کہ چھتوں کو سہارا دینے والے ستون نظر نہیں آتے جس کی وجہ سے تقریب کا حسن دوبالا ہو جاتا ہے۔ اس تقریب کو کور (Cover) کرنے کے لئے اس عمارت کی دوسری منزل پر ایم ٹی اے انٹرنیشنل کا مرکزی سٹوڈیو بنایا گیا تھا۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز پاکستانی وقت کے مطابق سوا تین بجے بعد دوپہر ایکسل سنٹر میں رونق افروز ہوئے اور اس سنٹر کو برکت بخشی۔ حضور انور کا استقبال نعرہ ہائے تکبیر اور بچوں اور بچیوں کی طرف سے ترانوں سے ہوا۔ دنیا بھر میں عالمی کانفرنسوں اور نمائشوں کی وجہ سے معروف یہ سنٹر اس دن غیر معمولی تاریخی حیثیت حاصل کر گیا جب جماعت احمدیہ عالمگیر نے اپنی خلافت کی پہلی صدی کا جلسہ شایان شان طریق پر منایا۔ جس کی کارروائی میں دنیا میں بسنے والے کروڑوں احمدی براہ راست شریک ہوئے بلکہ دنیا کے تین ممالک کے Live نظارے بھی دنیا نے ملاحظہ کئے۔ یہ ایسا وقت تھا جب جماعت احمدیہ کے پانچویں دور خلافت میں اکناف عالم کے احمدی ایک ساتھ خلافت سے یکجہتی کا اظہار کر رہے تھے اور ہمارے لئے یہ دور واقعی خوش قسمتی لئے ہوئے ہے کہ ہم ایسے دور خلافت سے فیضیاب ہو رہے ہیں جس نے خلافت کی پہلی صدی بھی دیکھی ہے اور دوسری صدی میں بھی نئے عزم و ہمت سے ترقیات کی منازل کی طرف تیزی سے رواں دواں ہے۔

اس تقریب کے آغاز سے پہلے براہ راست انٹرویوز اور تعارف کرانے کے لئے قادیان میں محترم مولانا برہان احمد ظفر صاحب ناظر اشاعت قادیان، ربوہ میں مکرم ڈاکٹر سلطان احمد مبشر صاحب اور لندن میں مکرم فاروق محمود صاحب نے کمپیئر کے فرائض سرانجام دیئے۔

لندن سے مختلف وقتوں میں مکرم رفیق احمد حیات صاحب امیر جماعت برطانیہ، مکرم عطاء المجیب راشد صاحب امام بیت الفضل لندن، مکرم منیر الدین شمس صاحب ایڈیشنل وکیل التصنیف لندن، مکرم نصیر احمد

شاہ صاحب چیئر مین ایم ٹی اے انٹرنیشنل اور مکرم اکرم احمدی صاحب نائب امیر یو۔کے کی طرف سے خلافت سے وابستگی کے بارے میں تاثرات نشر ہوئے۔

ربوہ سے محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی، محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید، محترم چوہدری محمد علی صاحب وکیل التصنیف تحریک جدید، محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب ناظر دیوان و صدر مجلس انصار اللہ پاکستان، محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مؤرخ احمدیت اور محترم فرید احمد نوید صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان نے اپنے اپنے انداز میں خلافت سے وابستگی کا اظہار کیا، خلافت کی اہمیت وافادیت بتائی اور اس موقع پر جماعت احمدیہ عالمگیر کو مبارکباد کا تحفہ پیش کیا۔

قادیان سے مکرم مولانا محمد انعام غوری صاحب ناظر اعلیٰ قادیان اور مکرم برہان احمد ظفر صاحب نے اپنے تاثرات کا اظہار کیا۔ جس میں انہوں نے خلافت کے حوالے سے مبسوط انداز میں خیالات پیش کئے اور بتایا کہ دنیا میں ایسا نظارہ کسی نے نہیں دیکھا ہوگا کہ خلافت احمدیہ کی جوبلی کی تقریب دکھائی جارہی ہو اور دنیا کے 190 ممالک میں بسنے والے احباب و خواتین بیک وقت اس سے منسلک ہوں اور ایک امام کے حکم پر لبیک کہتے ہوں۔ ان انٹرویوز اور تاثرات کے دوران ان ممالک کے مقامات کے Live نظارے اور تقریبات کے سینز ایم ٹی اے پر دکھائے جاتے رہے۔

اللہ تعالیٰ کی حکمت کے تحت 27 مئی کے اس اہم دن قادیان، ربوہ اور لندن میں اللہ کی رحمتوں کو لئے ہوئے بارش اتری، اس طوفان بادوباراں اور ابر آلود موسم کے باوجود ان تقریبات کا انعقاد انتہائی کامیابی سے ہوا اور کثیر تعداد میں احباب نے شرکت کی۔ تینوں ممالک کی تقاریب کے دوران آسمان صاف اور موسم خوشگوار ہوگیا۔ قادیان میں تو اس خوبصورت موسم میں کھلے آسمان تلے یہ تقریب ہوئی اور سورج پوری آب و تاب سے چمک رہا تھا۔ یہ اللہ تعالیٰ کا خاص فضل و احسان ہے کہ تینوں جگہوں کے موسم بھی ایک ساتھ تبدیل ہوئے اور گرمی کی شدت میں کمی آگئی جس سے تقاریب منعقد کرنے میں مزید آسانی پیدا ہوگئی۔

حضور انور پونے پانچ بجے، نغمے گاتے ہوئے بچوں اور بچیوں کے پاس سے گزرتے اور از راہ شفقت کچھ دیر ٹھہرتے ہوئے اس سٹیج پر تشریف لائے جہاں لوائے احمدیت لہرائے جانے کا انتظام کیا گیا تھا۔ حضور انور نے لوائے احمدیت لہرایا اور دعا کرائی۔ جس کے بعد حضور انور اس تاریخی خطاب کے لئے پنڈال میں تشریف لائے جو خلافت احمدیہ کی دوسری صدی کا پہلا خطاب تھا۔

حضور انور نے خطاب میں فرمایا کہ خلافت کے ذریعہ خوف کو امن میں بدلنے کا جو خدائی وعدہ تھا آج جماعت اس وعدہ کے بار بار پورا ہونے پر گواہ ہے۔ خدا تعالیٰ نے ہر دفعہ اپنا وعدہ پورا کیا اور وہ پودا جس کو خدا تعالیٰ نے خود لگایا تھا آج شجر سایہ دار کی طرح ساری دنیا کو اپنے سایہ عاطفت میں لئے ہوئے ہے اور یہ آواز زمین کے کناروں تک پھیل چکی ہے اور پھیل رہی ہے۔ حضور انور نے فرمایا یہ خوشی کے مواقع خدا کا شکر گزار بنانے کے لئے آتے ہیں۔ احمدیت کی تاریخ کا ہر دن تاریخ بنا رہا ہے اور سنہری باب رقم کر رہا ہے اور جماعت ہر جگہ تقاریب منا رہی ہے اور یہ جائز بھی ہے۔ کیونکہ خدا تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے کا حکم بھی ہے۔ عجز و نیاز اور انکساری اور عبودیت کی ضروری شرط ہے اور نعماء الٰہی کا اظہار بھی ازبس ضروری ہے۔ اس سے خدا کی محبت بڑھتی ہے اور جوش بھی پیدا ہوتا ہے۔ یہ انعام جس سے خدا تعالیٰ نے ہمیں بہرہ ور کیا ہے آئندہ بھی جاری رہے گا۔ اس لئے شکر کریں تا اس کی برکات میں کمی نہ آئے۔ جتنا ہم عاجزی دکھائیں گے اتنا ہی خدا کی نعمتوں سے حصہ لیتے چلے جائیں گے۔ لیکن یاد رکھیں ان پروگراموں میں دنیاداری نہ ہو بلکہ تقویٰ کے ساتھ اس کا اظہار ہونا چاہئے۔

حضور انور نے رسالہ الوصیت میں بیان فرمودہ پیشگوئی بابت خلافت پڑھ کر سنائی اور آیت استخلاف سے استدلال کرتے ہوئے فرمایا کہ ایمان قائم کرنا ضروری ہے۔ اعمال صالحہ بجا لانے ضروری ہیں۔ تمام محبتیں خدا تعالیٰ کے لئے ہوں۔ یاد رکھیں کہ خلافت سے وابستہ کر کے خدا تعالیٰ ایک ایسا معاشرہ قائم کرنا چاہتا ہے جو حقوق اللہ اور حقوق العباد کو قائم کرنے والا ہو۔ جب آپ خلافت سے وابستہ ہو جائیں گے تو پھر خدا تعالیٰ آپ کے دائیں بھی ہوگا، بائیں بھی ہوگا، آگے بھی ہوگا اور پیچھے بھی ہوگا اور کوئی کسی قسم کا نقصان تمہیں نہیں پہنچا سکے گا۔ حضور انور نے پانچوں خلفاء کے خلافت پر متمکن ہونے کے وقت کے حالات اور ان کے دور میں خدا کے فضل سے عطا ہونے والی ترقیات کا تفصیل سے ذکر فرمایا۔

حضور انور نے اس موقع پر تمام دنیا کے کروڑوں احمدی احباب و خواتین کو کھڑا کر کے خلافت کے استحکام اور ہمیشہ اطاعت کرنے کا عہد لیا۔ خطاب کے بعد حضور انور نے اجتماعی پُرسوز دعا کرائی۔

دعاؤں، برکتوں اور پُرسوز ماحول میں ساری جماعت نے حضور انور کا خطاب ملاحظہ کیا اور خدا کے فضلوں سے اپنی جھولیاں بھریں۔ حضور انور کے اس جلالی خطاب کے دوران متعدد آنکھیں اشکبار تھیں اور چھلک چھلک جارہی تھیں۔ خدا تعالیٰ کے شکر سے دل بھرے ہوئے تھے۔ یہ ایسے نظارے تھے جو ہر دل کی اندرونی کیفیات سے تعلق رکھتے ہیں۔ نوک قلم ان کو بیان کرنے سے قاصر ہے۔ خاص طور پر وہ لمحہ دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے جب حضور انور نے ساری جماعت کیا مرد، کیا عورتیں، بچے اور بچیاں سب کو کھڑے کروا کر دوسری صدی کے آغاز پر عہد لیا کہ اس عہد میں شامل ہونے والے سب افراد کے دل کی دنیا ہی بدل گئی وہ گویا اندر تک دھل گئے اور ایک نئے جوش و جذبے اور روحانی کیفیات میں نہا گئے۔ یہ جماعت کی خوش قسمتی ہے کہ اسے خلیفۃ المسیح کی شکل میں ایک ایسا دردمند اور دعاگو وجود نصیب ہوا ہے جو ہر دکھ درد اور مصیبت میں ان کا سہارا اور ہر خوشی میں ان کے ساتھ برابر کا شریک ہوتا ہے، یہ ایک ایسی نعمت ہے جو آج سوائے جماعت احمدیہ کے دنیا کے کسی اور نظام میں لوگوں کو میسر نہیں۔ خلافت کے دربار سے سوالی دعاؤں کے خزانے سے جھولیاں بھرتے ہیں۔ حضور انور کا یہ خطاب ایک گھنٹہ تینتالیس منٹ تک جاری رہا۔ جس کے بعد افریقن، بنگالی، انگریزی اور اردو زبانوں میں نظمیں پڑھی گئیں۔ حضور انور از راہ شفقت اس دوران جلسہ گاہ میں تشریف فرما رہے۔ اسی طرح حضور انور لجنہ جلسہ گاہ بھی تشریف لے گئے جہاں حضور انور نے بچیوں سے نظمیں سنیں اس موقع پر سٹیج خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔ سٹیج کے پیچھے ایک بڑی فلیکس کے اوپر کلمہ طیبہ، درمیان میں چاند اور اس کے نیچے پانچ ستارے نیلے رنگ کے بیک گراؤنڈ پر خوبصورتی سے بنائے گئے تھے۔

دوسری طرف اہل پاکستان خاص طور پر ربوہ کے باسیوں نے اپنے اپنے انداز میں خلافت جوبلی میں دعائیں کرتے ہوئے اور خوشیاں منا کر شرکت کی۔ ان کی قلبی کیفیات اور جذبات کا اظہار خدا تعالیٰ کے حضور سجدہ ریز ہو کر اس کے آستانہ پر اظہار تشکر تھا۔ اس دن جماعت کا ہر چھوٹا بڑا، مرد و عورت خوشی سے پھولا نہیں سماتا تھا۔ خلافت احمدیہ کی پہلی صدی کو الوداع اور نئی صدی کا استقبال اس کے لئے خوش قسمتی اور بڑے بڑے انعامات سے کم نہیں تھا۔ اس دن ہر فرد جماعت نے نئے کپڑے پہنے اور اہتمام کے ساتھ تیار ہوئے۔ ایک دوسرے کو مبارکباد دی اور مٹھائیاں تقسیم کیں۔ پاکستان بھر کی جماعتوں نے جلسہ ہائے خلافت جوبلی منعقد کئے۔ اس کے ساتھ ساتھ بیوت الذکر اور گھروں کی سجاوٹ اور ہر جماعت نے مرکزی طور پر کھانا پکوا کر ہر گھر میں فی کس کے حساب سے تقسیم کیا اور اپنے اپنے طریق پر خلافت سے محبت، فدائیت اور وابستگی کا بے مثال اظہار کیا۔ تمام بیوت الذکر میں 27 مئی کے دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ اس حوالے سے تیاریاں اس دن سے بہت پہلے شروع ہو چکی تھیں۔ بیوت الذکر اور گلی کوچوں کی صفائی اجتماعی وقار عمل کے ذریعہ خدام و اطفال نے کی۔ مرکزی طور پر بکروں کا صدقہ دیا گیا اور دارالضیافت کے انتظام کے تحت مختلف پاکستان کی اور بیرون ممالک کی جماعتوں اور انفرادی احباب نے 150 بکرے صدقہ کے طور پر دیئے۔ اس موقع پر انتظامیہ دارالضیافت کی طرف سے تینوں اوقات کے کھانوں کا سپیشل مینیو رکھا گیا گیا تھا۔

28 مئی کی رات کو ربوہ بھر کے تقریباً تمام گھروں پر جھنڈیاں سجا کر اور مٹی کے دیے جلا کر چراغاں کیا گیا۔ کئی لاکھ جھنڈیاں جن کی تعداد کا اندازہ نہیں لگایا جاسکتا، نیز دیوں کی تعداد بھی لاکھوں میں تھی۔ ربوہ کے گلی کوچوں میں چاروں طرف تا حد نگاہ گھروں کے اندر منڈیروں پر دیے جلا کر ایک عجیب پُرشوکت ماحول بنایا گیا۔ گزشتہ چند دنوں سے سرشام ہی ہوا چل رہی تھی لیکن اس شام اللہ تعالیٰ کی حکمت اور فضل سے ہوا رک گئی تھی اور اہل ربوہ نے دیے بسہولت جلائے اور اظہار تشکر کیا۔ جماعتی مرکزی دفاتر، محلّہ جات کی بیوت الذکر کو اندر اور باہر سے خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔ اہل ربوہ شہر کے اس منفرد چراغاں کو دیکھنے کے لئے گھروں سے باہر نکل آئے اور انتہائی پُرامن طریق پر ربوہ کی سڑکوں اور بازاروں میں اس تاریخی دن کے لئے منائی جانے والی خوشیوں سے حصہ پاتے رہے۔ خواتین و حضرات کا اتنا جم غفیر تھا کہ یوں لگ رہا تھا جیسے 100 تقاریب کے برابر خوشی منائی جارہی ہے اور ایسا کیوں نہ ہوتا خدا تعالیٰ کی نعمت عظمیٰ خلافت کو 100 سال جو پورے ہو رہے تھے۔ ان مناظر کو دیکھنے کے بعد لگتا تھا کہ خلافت احمدیہ اور خلیفہ وقت کے ساتھ کروڑوں احمدیوں کی بے لوث فدائیت اور محبت ایک خداداد دولت ہے جس سے ہر احمدی کا دل مالا مال ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ نظام خلافت اور خلیفہ وقت سے سچی اور مخلصانہ محبت اور فدائیت ہر احمدی کو نصیب فرمائے کہ اسی سے ہماری روحانی بقاء اور ترقیات وابستہ ہیں۔ (رپورٹ: ایف شمسؔ)

آگ سے ہمیں مت ڈراؤ

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

مجھے یاد ہے 1903ء میں جب ایک شخص عبدالغفور نے جو اسلام سے مرتد ہو کر آریہ ہوگیا تھا اور اس نے اپنا نام دھرم پال رکھ لیا تھا ''ترک اسلام'' نامی کتاب لکھی۔ تو حضرت خلیفہ اوّل نے اس کا جواب لکھا۔ جو ''نورالدین'' کے نام سے شائع ہوا۔ یہ کتاب روزانہ حضرت مسیح موعود کو سنائی جاتی تھی۔ جب دھرم پال کا یہ اعتراض آیا کہ اگر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لئے آگ ٹھنڈی ہوئی تھی تو دوسروں کے لئے کیوں نہیں ہوتی اور اس پر حضرت خلیفہ اوّل کا یہ جواب سنایا گیا کہ اس جگہ ''نار'' سے ظاہری آگ مراد نہیں بلکہ مخالفت کی آگ مراد ہے تو حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ اس تاویل کی کیا ضرورت ہے۔ مجھے بھی خدا تعالیٰ نے ...... کہا ہے اگر لوگوں کی سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ آگ کس طرح ٹھنڈی ہوئی تو وہ مجھے آگ میں ڈال کر دیکھ لیں کہ آیا میں اس آگ میں سے سلامتی کے ساتھ نکل آتا ہوں یا نہیں۔

حضرت مسیح موعود کے اس ارشاد کی وجہ سے حضرت خلیفہ اول نے اپنی کتاب ''نورالدین'' میں یہی جواب لکھا اور تحریر فرمایا کہ:

''تم ہمارے امام کو آگ میں ڈال کر دیکھ لو۔ یقیناً خدا تعالیٰ اپنے وعدہ کے مطابق اسے اس آگ سے اسی طرح محفوظ رکھے گا۔''

(تفسیر کبیر جلد ہفتم ص 614)

ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کا بین الاقوامی نظام اور پاکستان

ڈی ایس ٹی نظام کے تحت گھڑیاں ایک گھنٹہ آگے کرنے سے توانائی کی بچت ہوتی ہے

مکرم حنیف احمد محمود صاحب

حکومت پاکستان نے ایک مرتبہ پھر یکم جون سے "ڈے لائٹ سیونگ ٹائم" کے بین الاقوامی نظام کو پاکستان میں جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کے تحت موسم گرما کے لئے گھڑیاں ایک گھنٹہ آگے کردی جائیں گی۔

یہ نظام پہلی بار پاکستان میں 2002ء میں متعارف کروایا گیا تھا۔ جب پاکستان کے سٹینڈرڈ ٹائم میں 6 اور 7 اپریل کی درمیانی شب 12 بجے گھڑیوں کی سوئیاں ایک گھنٹہ آگے کردی گئی تھیں۔

مگر ایک موسم گرما کے بعد ہی تجربہ ناکام ہونے کا الزام تھوپتے ہوئے پرانے نظام کو ہی جاری کردیا گیا اور اس کے ناکام ہونے کی بڑی وجہ پاکستان میں خواندگی کی شرح کو قرار دیا گیا اور کہا گیا کہ چونکہ پاکستان میں زیادہ تر آبادی دیہاتوں میں رہتی ہے اس لئے ان کو یہ نظام سمجھنے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑا ہے اور کسانوں کے لئے مشکلات پیدا ہوئی ہیں۔ جبکہ ضرورت اس امر کی تھی کہ میڈیا بالخصوص الیکٹرانک میڈیا کے ذریعہ اس کی مناسب تشہیر کی جاتی اور اس کے فوائد بتلائے جاتے۔ ڈی ایس ٹی یعنی ڈے لائٹ سیونگ نظام جن ممالک نے رائج کیا اور اب بڑی پختگی کے ساتھ وہاں کے عوام اس پر کاربند ہیں۔ آغاز میں ان ممالک کو بھی اپنے عوام کی طرف سے بہت مشکلات کا سامنا رہا۔ جس میں امریکہ جیسا ترقی یافتہ ملک بھی شامل ہے۔ جسے کئی سال اس کے فوائد بتلا کر عوام کو قائل کرنا پڑا حتیٰ کہ انسان تو انسان بعض پالتو جانوروں پر بھی یہ تبدیلی ناگوار گزرتی ہے۔ کینیڈا کے ایک مرغبان مارٹی نوٹن بومر کا کہنا ہے کہ مرغیاں کئی ہفتے تک اس تبدیلی کو قبول کرنے کو تیار نہیں ہوتیں اور ان کے لئے ہر سال اپریل کا پہلا اور اکتوبر کا آخری ہفتہ بہت تکلیف دہ ہوتا ہے اور ہمارے لئے مشکلات پیدا ہوتی ہیں۔

پاکستان میں یہ کہہ کر کہ عوام کا زیادہ تر حصہ دیہاتوں میں رہتا ہے ان کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس نظام کو جاری نہ رکھا جاسکا۔ جبکہ دنیا کی آبادی کو دیکھا جائے تو ہر جگہ، ہر ملک میں آبادی کی اکثریت دیہاتی علاقوں میں ہی رہتی ہے اور ڈی ایس ٹی نظام جن 70 سے زائد ممالک میں جاری ہے ان کی آبادی کا بھی اگر تناسب دیکھا جائے تو آبادی کا زیادہ تر حصہ دیہاتوں میں رہتا ہے مگر ان ممالک میں طویل بحث مباحثے اور تجربات کے بعد اس کی افادیت کو تسلیم کرلیا گیا ہے اور یہ ممالک موسم گرما میں اپنی گھڑیاں ایک گھنٹہ آگے کرلیتے ہیں اور موسم سرما میں ایک گھنٹہ پیچھے بلکہ بعض ممالک تو دو گھنٹے گھڑیاں آگے کرتے ہیں۔

حکومت پاکستان نے اس دفعہ بھی فیصلہ کرکے چپ سادھ لی ہے جبکہ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس کی باقاعدہ تشہیر کی جائے اور اخبارات، ریڈیو، ٹی وی اور انٹرنیٹ کے ذریعہ عوام کو اس کے فوائد اور نقصانات سے آگاہ کیا جائے۔ اگر 2002ء میں پہلے تجربہ کے وقت اس کی مناسب تشہیر کی جاتی اور اس فیصلہ کو واپس لینے کی بجائے اس کو جاری رکھا جاتا تو بجلی اور توانائی کے جس تکلیف دہ بحران سے قوم آج دوچار ہے یہ نہ ہوتی یا بحران اتنا شدید نہ ہوتا۔ اللہ تعالیٰ نے کوئی چیز بے سود پیدا نہیں کی۔ اگر گرمیوں میں سورج پہلے طلوع ہوتا ہے اور شام کو دیر سے غروب ہوتا اس میں بھی کوئی حکمت پنہاں ہے جن قوموں نے اس حکمت کو سمجھا اور فائدہ اُٹھانے کے سامان پیدا کئے وہ قومیں آج فائدہ میں ہیں اور ترقی کی منازل طے کررہی ہیں۔ بعض لوگوں اور طبقوں کا کہنا ہے کہ خط استوا کے قریب ہونے کی وجہ سے پاکستان میں یہ نظام قابل عمل نہیں یا اس کے فوائد کم ہیں جبکہ پاکستان کے پڑوسی ممالک جیسے ایران، عراق وغیرہ اس نظام کو اپنے ہاں جاری کرکے فائدہ اُٹھا رہے ہیں تو پاکستان کیوں نہیں اُٹھا سکتا۔ ہماری بدقسمتی یہ ہے کہ 60 سال گزر جانے کے باوجود ہمارا ملک تجربات سے گزر رہا ہے۔ ہر حکومت اپنے سے گزشتہ حکومت کے اقدام کو غلط قرار دے کر ان پر عمل روک دیتی ہے اور نئے قدم اُٹھاتی ہے۔ اس قانون کے ساتھ بھی کچھ ایسا ہی ہوا حالانکہ اس نظام کے فوائد، نقصانات سے زیادہ ہیں اور قرآنی اصول کے مطابق زیادہ فوائد والی چیز کو اپنا لینا بہتر ہے۔

ڈی ایس ٹی نظام متعارف کروانے والوں کے خیال میں موسم گرما میں سورج بہت جلد طلوع ہوجاتا ہے۔ جبکہ کاروبار زندگی اپنی روٹین میں تاخیر سے شروع ہوتا ہے اور سورج کی ابتدائی روشنی سے فائدہ نہیں اٹھایا جاتا اور وہ ضائع چلی جاتی ہے اور اس طرح رات کو اپنے معمولات سے فارغ ہونے کے بعد گھر میں بجلی وغیرہ کا استعمال کرنے سے توانائی کا بلاوجہ ضیاع ہوتا ہے اور اگر صبح ایک گھنٹہ قبل معمولات زندگی کا آغاز کردیا جائے تو یوں شام کو ایک گھنٹہ پہلے اپنے کاموں سے فارغ ہوکر مصنوعی بجلی میں کیا جانے والا کام سورج کی روشنی میں سرانجام دے کر توانائی کی بچت ہوگی۔

اس اصول کے تحت یکم جون سے ہر پاکستانی رات کو ایک گھنٹہ مصنوعی بجلی کی بچت کرے گا تو اندازہ لگائیں کہ روزانہ کئی کروڑ گھنٹے انرجی کی بچت ہوگی۔ کیونکہ غروب آفتاب کے بعد ہم جتنے گھنٹے جاگتے ہیں اور اپنے کام کاج میں مصروف رہتے ہیں۔ بلب، ٹیوب، اے سی، ٹی وی اور گیس وغیرہ کا استعمال کرتے ہیں اور اگر ہم غروب آفتاب کے ساتھ جلد سوجائیں گے اور صبح طلوع آفتاب کے ساتھ ہی دن کا آغاز کریں گے تو توانائی کا ایک معتدبہ حصہ دو طرح سے بچا سکیں گے۔ ایک تو جلد سوکر جیسا کہ اوپر درج کر آیا ہوں اور دوسرا صبح سٹریٹ اور صحن کی لائٹس جلد بند کرکے اور اس طرح محتاط اندازے کے مطابق ایسے ممالک اپنی کل توانائی کا ایک فیصد بچا رہے ہیں۔

اب تک جن ممالک نے ڈے لائٹ سیونگ سسٹم کو اپنا لیا ہے ان میں امریکہ کی بعض ریاستیں، کینیڈا، میکسیکو، برازیل، چلی، پیراگوئے، برطانیہ، جرمنی، عراق، ایران وشام، لبنان، مصر، نمیبیا، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ اور روس وغیرہ شامل ہیں۔

گو یہ آئیڈیا بہت پرانا ہے سب سے پہلے اسے پہلی اور دوسری جنگ عظیم میں جبکہ بجلی اور ایندھن کے ذخائر بڑی تیزی سے کم ہوئے متعارف کروایا گیا اور یوں بہت سی بجلی اور ایندھن بچایا گیا۔

امریکہ اور یورپ والوں کو دن کی روشنی سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کی اہمیت کا اندازہ اس وقت ہوا جب 1973ء میں عربوں نے مغرب کو تیل کی فراہمی پر پابندی لگادی اس وقت امریکی کانگرس نے ایک بل کے ذریعہ اس نظام کو نہ صرف لازمی قرار دے دیا بلکہ 1974ء میں چھ ماہ کی بجائے اضافی طور پر دس ماہ اور 1975ء میں چھ ماہ کی بجائے آٹھ ماہ کے لئے گھڑیاں آگے کردی گئیں۔ گو یہ سلسلہ زیادہ عرصہ جاری نہ رہ سکا اور بعض امریکیوں خصوصی طور پر امریکی کسانوں کی طرف سے شدید مخالفت کی وجہ سے دو سال بعد ہی اس کے لازمی عملدرآمد پر پابندی ختم کردی گئی اور اب بھی امریکہ کی بعض ریاستوں جیسے ورجینیا، ایروزنا، سموا، پوٹوریکو وغیرہ میں ڈی ایس ٹی کا نظام جاری نہیں۔

تاہم ان دو سالوں کے دوران امریکی وزارت ٹرانسپورٹیشن نے اس نظام کو اپنا کر اس کے فوائد کا اندازہ لگایا اور ساتھ کے ساتھ اس کا ریکارڈ رکھا۔ ان کی رپورٹ کے مطابق ایک محتاط اندازے سے پورے امریکہ میں کل انرجی کا ایک فیصد بچایا گیا اور ایک سال میں کم ازکم چھ لاکھ بیرل تیل کی بچت ہوئی۔

اس رپورٹ کے مطابق دوسرا بڑا فائدہ ٹریفک کے حادثات میں کمی کی صورت میں سامنے آیا جب تمام لوگ دفاتر اور تعلیمی اداروں سے غروب آفتاب سے قبل ہی گھر پہنچنے لگے تو حادثات میں کمی آئی اور یوں جانوں کی حفاظت کے ساتھ ساتھ املاک کی حفاظت اور پھر بلاوجہ کوفت اور تکلیف سے بچت ہوئی۔ تیسرا حیران کن فائدہ جرائم کی شرح میں کمی کی صورت میں دیکھنے کو ملا کیونکہ لوگ دفاتر سے جب رات کو واپس لوٹتے تو جرائم پیشہ افراد اپنا کام دکھلاتے تھے مگر جب وہ دن کو واپس آنے لگے تو جرائم میں خاصی کمی دیکھنے میں آئی۔

پاکستان گو اس نظام کو اپنا رہا ہے مگر اوپر آخر الذکر بیان شدہ دو فوائد سے ہم پاکستانی زیادہ فائدہ نہ اٹھاسکیں گے کیونکہ یہاں پاکستان میں حادثات کا تناسب ٹریفک کے قوانین کی پابندی نہ کرنے کی وجہ سے دن کو بھی اتنا ہی ہے جتنا رات کو بلکہ کچھ زیادہ ہی اور جرائم کی شرح بھی قوانین میں بعض اسقام کی وجہ سے ڈاکوؤں کی صورت میں دن دھاڑے بھی ہے۔ تاہم رات کی تاریکی میں کئے جانے والے جرائم جیسے چوری وغیرہ میں لازماً کمی آئے گی۔

پاکستان میں موسم گرما اور موسم سرما میں دن کے دورانیہ میں زیادہ فرق نہ ہونے کی وجہ سے شاید ہم زیادہ فائدہ نہ اٹھاسکیں ورنہ بعض ممالک جیسے روس تو موسم گرما میں گھڑیوں کو دو گھنٹے اور سردیوں میں ایک گھنٹہ آگے کرکے اس نظام سے بہت فائدہ اٹھا رہا ہے کیونکہ عرض بلد سے جو ملک زیادہ بلندی پر ہوگا اسے یہ سسٹم اپنا کر زیادہ فائدہ پہنچ سکتا ہے اور ہم دیکھتے ہیں ڈی ایس ٹی نظام اپنانے والے ممالک کی تعداد وہاں زیادہ ہے جو عرض بلد سے اوپر واقع ہیں اور وہ ممالک جو خط استوا کے قریب یا عرض بلد سے نیچے ہیں انہیں گھڑیاں آگے پیچھے کرنے کا کوئی زیادہ فائدہ نہیں ہوتا۔ پاکستان بھی چونکہ خط استواء کے قریب ذرا اوپر واقع ہے اس لئے زیادہ فائدہ نہیں اٹھا سکے گا۔ یہی وجہ ہے کہ چین نے اس سسٹم کو کچھ عرصہ تجربہ کرکے پھر اپنے پرانے نظام کو اپنا لیا ہے۔

تاہم پاکستان میں اس نظام کو اپنانے کا ایک فائدہ یعنی انرجی کی بچت ہے اور آج کے دور میں یہ اتنا بڑا فائدہ ہے جو ناقابل بیان ہے۔ آئے روز بجلی، گیس کے نرخوں میں اضافہ سے بلوں کی ادائیگی ایک عام پاکستانی کی پہنچ سے باہر ہورہی ہے اور یوں وہ بلوں کو کنٹرول کرسکے گا اور بجلی کے استعمال میں کمی آنے کی وجہ سے لوڈشیڈنگ میں بھی کمی آئے گی اور حکومت وقت نے صبح 9 سے 11 بجے تک سرکاری دفاتر میں AC نہ چلانے کی جو ہدایت کی ہے وہ دورانیہ بھی گرمی میں حدت آنے سے قبل ہی گزر جائے گا۔

دوسرا اس نظام سے شہری زیادہ فائدہ اٹھاسکیں گے بہ نسبت دیہاتیوں کے وہ تو پہلے ہی جلد سونے اور جلد اٹھنے کے اصول پر عمل پیرا ہوتے ہیں کیونکہ

انہوں نے علی الصبح ہل جوتنا ہوتا ہے کھیتی باڑی کرنی ہوتی ہے اس نظام سے ان کی رات کا دورانیہ کم ہوگا اور عشاء کی نماز تک جو آئندہ دس بجے رات بھی ادا کی جائے گی اسے جاگنا پڑے گا اس صورت میں اسے دوپہر کو ذرا ستا کر اپنی نیند پوری کرنی ہوگی۔

شہریوں کو بھی اپنی نیند پوری کرنے کے لئے قیلولہ کو اپنانا ہوگا کیونکہ رات چھوٹی ہوگی اور صبح نوری ٹھونکے کے لئے وقت بھی نہیں ملے گا۔ اس میں ڈاکٹری اصولوں کے پیش نظر احتیاط بھی برتنی ہوگی اور قیلولہ کو زیادہ لمبا نہیں کرنا ہوگا۔

پاکستان کی زیادہ تر آبادی تعلیم سے نابلد ہے اس لئے آغاز میں اس نظام کو اپنانے میں بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا ہوگا۔ لیکن اگر میڈیا اس کی تشہیر کا حق ادا کرے تو اس نظام کو کما حقہ عوام میں متعارف کروایا جاسکتا ہے۔

جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے کہ سورج کی روشنی سے فائدہ اٹھانے کا خیال بہت پرانا ہے۔ اس کا خیال پہلی دفعہ 1784ء کو فرانس کے بینجمن فرینکلن کو آیا اور اس نے اخبار میں ایک مضمون کے ذریعہ یہ نظریہ پیش کیا۔ مگر دنیا نے اس کو لائق التفات نہ جانا اور اس پر ایک صدی سے زائد وقت گزر گیا پھر ایک انگریز ولیم ولٹ نے 1907ء میں اس نظریے کو دوبارہ پیش کیا اور کہا کہ اگر گھڑیوں کو ایک گھنٹہ آگے کرلیا جائے تو سورج کی روشنی سے زیادہ فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے مگر برطانوی پارلیمنٹ (دارالعوام) نے اس وقت اسے قبول نہ کیا۔ 1916ء میں ولیم ولٹ کے خیال کو دوبارہ زندگی ملی اور برطانوی پارلیمنٹ نے برٹش سمر ٹائم کے نام سے ایک ایکٹ پاس کیا جس کے مطابق جی ایم ٹی سے گھڑیاں ایک گھنٹہ آگے کردی گئیں۔ 1918ء میں امریکی کانگریس نے بھی اس کی افادیت کو قبول کرلیا مگر اس نظام کو زیادہ پذیرائی دوسری جنگ عظیم میں 1942ء کو ملی۔ برطانیہ نے انرجی کی بچت کی خاطر دوسری جنگ عظیم میں گھڑیاں دو گھنٹے آگے کردیں اور اس طرح یہ ڈبل سمر ٹائم کہلایا۔ جرمنی نے بھی اسی عرصہ کے لگ بھگ اس نظام کو اپنایا بلکہ بعض کے نزدیک "بینجمن" کے نظریہ پیش کرنے کے بعد جرمنی نے سب سے پہلے اس سے استفادہ کرنا شروع کیا اور اب 70 سے زائد ممالک اس نظام پر مکمل طور پر یا جزوی طور پر عملدرآمد کر رہے ہیں ان میں زیادہ تر عرض بلد سے اوپر کے ممالک ہیں۔

زمین کا محیط

البیرونی (1048ء) نے زمین کا محیط سب سے پہلے 1018ء میں جہلم (پنجاب) سے 42 میل دور ایک موضعہ دھریالہ جلوپ کے 1795 فٹ اونچے پہاڑ پر سے سائنسی تجربے کے ذریعہ دریافت کیا تھا جو اس کی تحقیق کے مطابق 24779 میل تھا۔ آج کی تحقیق کے مطابق یہ 24858 میل ہے۔ یعنی صرف 78 میل کا فرق۔

سان مارینو دنیا کا چھوٹا ملک اور قدیم جمہوریہ

سان مارینو (Sanmarino) دنیا کا ایک انتہائی چھوٹا ملک اور سب سے قدیم ترین جمہوریہ ہے یہ مکمل طور پر اٹلی میں گھرا ہوا ہے۔ یعنی یہ بغیر سمندر کا ملک ہے اور بحیرہ ایڈریاٹک کے ساحل سے 23 کلو میٹر دور ہے۔ یہ اٹلی کے شہر رمینی (Rimini) کے جنوب میں ہے۔ سان مارینو کا خطہ ماؤنٹ ٹیٹانو کی تین چوٹیوں کے درمیان واقع ہے۔ ملک میں کئی ندیاں بہتی ہیں۔ ان میں آؤسامارانو اور سان مارینو قابل ذکر ہیں۔

سان مارینو کا رقبہ صرف 16 مربع کلو میٹر اور آبادی تقریباً 25 ہزار نفوس پر مشتمل ہے۔ سرکاری زبان اطالوی جبکہ لوگ رومن کیتھولک مذہب سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس کا بلند ترین مقام ماؤنٹ ٹیٹانو (Titano) 739 میٹر بلند ہے۔ موسم نہایت خوشگوار ہوتا ہے سردیوں میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے بھی نیچے گر جاتا ہے۔ بارش کی سالانہ اوسط 27 انچ ہے۔ اہم زرعی پیداوار میں انگور، گندم، جو، مکئی، زیتون، سبزیاں جبکہ صنعتوں میں ڈاک ٹکٹ، بلڈنگ میٹریل، ٹیکسٹائل، انگور کی شراب، سرامکس، سیمنٹ، چمڑے کی مصنوعات، ربڑ اور الیکٹرونکس قابل ذکر ہیں۔ سان مارینو دنیا کی سب سے قدیم اور یورپ کی سب سے چھوٹی جمہوریہ ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہاں کی تاریخ بھی دلچسپیوں سے بھری ہوئی ہے۔ سان مارینو کو 301ء میں ڈالمیشیا کے ایک عیسائی پتھر تراش مارینس (Marinus) نے آباد کیا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ وہ مذہبی ایذا رسانی سے تنگ آ کر کوہ ٹیٹانو کی طرف پناہ گاہ کی تلاش میں آیا تھا۔ واقعہ یوں بیان کیا جاتا ہے کہ 301ء میں اٹلی پر شہنشاہ داوک لاطن کی حکومت تھی جو کہ یہودی تھا۔ اس نے جب اٹلی میں عیسائیوں کی بڑھتی ہوئی تعداد دیکھی تو ان کا قتل عام شروع کر دیا۔ تب ہی مارینس نے لاطن کے مظالم سے خائف ہو کر بحیرہ ایڈریاٹک کے ساحل پر پھیلی ٹیٹانو نامی پہاڑی پر پناہ لی۔ پہاڑی کے دامن میں اپنا گھر بنانے کے بعد مارینس نے اپنے چند اور ہم مذہب بھی جمع کئے۔ رفتہ رفتہ ماؤنٹ ٹیٹانو کی گود بھرنا شروع ہوئی اور پھر ایک اچھی خاصی بستی آباد ہوگئی۔ اس بستی کا نام یہاں کے باسیوں نے مارینس کے نام پر سان مارینو رکھا۔ اسی لئے سان مارینو کا بانی مارینس کو کہا جاتا ہے۔ سان مارینو کی تاریخ کا سب سے روشن باب یہ ہے کہ یہ ملک کبھی کسی کا غلام نہیں ہوا۔ ہمیشہ آزاد رہا۔ 5 ویں صدی عیسوی کے وسط میں یہاں برادری کی تشکیل کی گئی۔ اس کی خود مختاری اور اصل حالت کو متحدہ کرنے کی کوشش کی گئی۔ اس کے باوجود اس کی ہمسایہ ریاست رمینی کے حکمران اس پر چڑھائی کرتے رہے لیکن یہاں کے باسیوں نے ان کا مردانہ وار مقابلہ کیا۔

